Alberta

نیوز ریلیز

سانس کے وائرس کے حفاظتی ٹیکے اب دستیاب ہیں

07 اکتوبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

آج سے، موسمِ خزاں کے سانس کے وائرسوں کے خلاف البرٹنز اپنے سالانہ حفاظتی ٹیکے لگوانے کی بکنگ کروا سکیں گے۔

اہلیت رکھنے والے البرٹنز اب ویکسین بکنگ سسٹم کے ذریعہ، فارمیسی یا اے ایچ ایس (AHS) کلینک اپوائنٹمینٹس کیلئے ہیلتھ لِنک کو 811 پر کال کرکے، یا اپنے قریبی کسی فارمیسی سے براہِ راست رابطہ کرکے اپنے حفاظتی ٹیکے لگوانے کی اپوائنٹمینٹس بک کروا سکتے ہیں۔ البرٹنز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ حفاظتی ٹیکے لگوانے کے بارے میں رہنمائی حاصل کرنے اور یہ کہ افراد اور خاندانوں کیلئے کون سے آپشنز بہترین ہیں، پر بات کرنے کیلئے اپنے ابتدائی نگہداشت فراہم کرنے والے سے بات کریں۔

کووِڈ-19 اور انفلوئنزا کے حفاظتی ٹیکے لگوانے کی اپوائنٹمینٹیں آج سے بک کروائی جا سکتی ہیں عام لوگوں کیلئے حفاظتی ٹیک لگوانے کے مواقع 15 اکتوبر سے دستیاب ہو رہے ہیں۔ ریسپائریٹری سِنسِشل وائرس (آر ایس وی) حفاظتی ٹیکوں کی اپوائنٹمینٹیں اب 21 اکتوبر سے شروع ہونے والے مواقع کیلئے بک کروائی جا سکتی ہیں۔

"جوں جوں موسمِ خزاں قریب آتا جا رہا ہے، یہ ضروری ہے کہ گردش کرتے ہوئے سانس کے وائرسوں کے خلاف پہلے سے منصوبہ بندی کر لی جائے۔ مَیں ہر ایک کی پُرزور حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اپنی صحت کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ وہ اس موسم کیلئے اچھی طرح سے تیار ہیں، اپنے مقامی فارماسسٹ، ڈاکٹر یا صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والے سے مشورہ کریں۔"

ایڈری آنا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ صحت

"اس موسمِ خزاں میں حفاظت کی ایک اضافی تہہ کو شامل کرنا ایسی بیماریوں سے بچاؤ کا ایک بہترین طریقہ ہے جو عام طور پر موسمِ خزاں اور سردیوں کے مہینوں میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ سانس کے وائرس کے حفاظتی ٹیکے جو اس موسمِ خزاں میں لگائے جائیں گے وہ خاص طور پر ان وائرسوں کی نوعیتوں کے خلاف مضبوط دفاع پیش کرنے کیلئے تیار کئے گئے ہیں جن کی گردش کی اس موسم میں توقع کی جاتی ہے۔"

ڈاکٹر مارک جوف (Mark Joffe)، چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ

اس سال کیلئے جدید، انفلوئنزا اور کووِڈ-19 کے حفاظتی ٹیکوں کے علاوہ، مسلسل نگہداشت کے ہومز اور 60 سال یا اس سے زائد عمروں کی بزرگ معاون رہائش گاہوں کے رہائشیوں کو البرٹا آؤٹ رِیچ پروگرام کے ذریعہ آر ایس وی سے بچاؤ کیلئے عوامی سرمائے سے ابرائسوو (Abrysvo) ویکسین تک رسائی حاصل ہوگی۔

Classification: Public

کمیونٹی میں رہنے والے وہ بزرگ جن کی عمریں 75 سال اور اس سے زائد ہیں انہیں بھی صوبائی سرمائے سے دستیاب ابرائسوو (Abrysvo) ویکسین کی محدود سپلائی تک رسائی حاصل ہوگی۔ ان لوگوں کیلئے جو صوبائی سرمائے سے لگنے والے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کے اہل نہیں ہیں، حفاظتی ٹیکے خریداری کیلئے دستیاب ہوں گے۔

فوری حقائق

- سانس کے وائرسوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے اس ویب سائٹ پر جائیں www.alberta.ca/respiratory-illness
- کووِڈ-19 اور انفلوئنزا کے حفاظتی ٹیکے کسی فرد کو ایک ہی دن لگائے جا سکتے ہیں۔
- آر ایس وی کے حفاظتی ٹیکوں کو کووِڈ-19 اور/یا انفلوئنزا کے حفاظتی ٹیکوں سے دو ہفتے پہلے یا دو ہفتوں کے بعد لگانا لازمی ہے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا ویکسین بکنگ سسٹم

میڈیا انکوائریز

جیسی ریمپٹن (Jessi Rampton)

780-427-2137
پریس سیکریٹری، ہیلتھ